گناہ۔۷۔گناہوں سے بچنے کی توفیق مانگو۔۸۔تلافی توبہ کا حصہ ہے۔۹۔مالی حقوق کی چند کوتاہیاں۔۱۰۔رمضان کیا سبق دیتا ہے۔۱۱۔نیت شروع میں درست کرو۔۱۲۔اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کی نیت۔...... بلاشبہ حضرت والا کے بیانات میں بعض باتیں ایسی باتوں کی طرف نشان دہی ہوتی ہے جن کی اہمیت اور ضرورت کا احساس عام طور پر نہیں پایا جاتا؛ اُن کی طرف دھیان بھی نہیں جاتا کہ زندگی کے اس پہلو میں کوتاہی ہو رہی ہے؛ اور یہاں اصلاح عمل کی ضرورت ہے۔اس لیے ان مواعظ کی اہمیت وضرورت دو چند ہو جاتی ہے۔

''سنن وآداب''

مولف: مولانا ابو بکر بن مصطفیٰ پٹنی (ڈابھیل، انڈیا) صفحات: 480۔طباعت: مناسب۔ ملنے کا پتا: مکتبۃ الایمان کراچی۔فون 0321-2466024

سونا، جاگنا، کھانا پینا، سفر و حضر، گھر میں آمد و رفت، دوستوں اور ہمسایوں ملنے، ملاقات کرنے وغیرہ جیسے امور؛ ہماری روزانہ کی ضرورتیں ہوں یا عبادات کا معاملہ ہو؛ ان تمام امور میں ایک مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہم پر اتباعِ نبوی واجب ہے، دیکھنا چاہیے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کس عمل میں کیا طریقہ اختیار فرمایا؟!...... یہ کتاب اسی جذبے سے ترتیب دی گئی ہے۔اس کتاب کو دیکھ کر اپنے روز مرہ معمولات کو سنت کے مطابق ڈھالا جاسکتا ہے۔''سنن وآداب'' میں دس ابواب ہیں جن کے عنوانات یہ ہیں:۱۔دربارِ توحید و رسالت کے حقوق و آداب۔۲۔معمولاتِ یومیہ۔۳۔عبادات۔۴۔معاشرت۔۵۔معاملات۔۶۔سیاسیات۔۷۔علمیات۔۸۔تبلیغات۔۹۔سلوکیات۔۱۰۔متفرقات۔

الدین کلمہ ادب کے مصداق مومن کا تو ہر فعل قرآن وسنت اور ادب کے سانچوں میں ڈھلا ہونا چاہیے۔ امید ہے اہل ذوق اس کتاب سے ضرور اعتناء برتیں گے۔

''تفہیم النحو اردو شرح ہدایۃ النحو''

مولف: مولانا شمشاد احمد مدظلہ۔صفحات: 298۔ قیمت: لکھی نہیں۔طباعت: مناسب۔ ملنے کا پتا: مکتبۃ عمر بن الخطاب شاہ رکن عالم کالونی ملتان۔فون: 061-6775251

حضرت مولانا شمشاد احمد صاحب مدظلہم جامعہ خیر المدارس ملتان کے نیک نام جید استاذ ہیں۔آپ نے اپنی تدریس کا آغاز صرف ونحو کی ابتدائی کتب سے کیا اور اب درجۂ علیا کی کتابوں کے استاذ ہیں۔صرف ونحو سے خاص شغف ہے۔زیر نظر اردو شرح آپ کے برس ہا برس تدریسی تجربات کا نچوڑ ہے۔